# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time** 09:25 AM

Date: 03-August-2026

---

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
صبح کے 9 بجکر 25 منٹ ہوئے ہیں
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

................

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تاریخ، تہذیب اور ثقافت سے متعلق کتابیں نسلوں کے درمیان پُل کا کام کرتی ہیں۔ وہ ڈاکٹر اے اپیچ شاہ کی تحریر کردہ کتاب ''شاردا سے سنسد'' کی رسم رونمائی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔

ایل جی نے کہا ہے کہ ڈاکٹر اے اپیچ شاہ کی تصنیف ہمیں یاد دِلاتی ہے کہ تاریخ اور ثقافت کبھی ختم نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ شاردا نے معاشرے کی دانش وحکمت کی آبیاری کی اور پارلیمنٹ نے قوم کی اُمنگوں کو پورا کرنے کے لئے کام کیا ہے۔

----Byte-----

................

ایل جی وکست بھارت

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقت اس کی نوجوان آبادی ہے۔ اُنہوں نے کہا، ''نشہ مکت یووا فار وِکست بھارت سنکلپ ابھیان کا مقصد نوجوانوں میں صحت مند طرزِ زندگی اِختیار

کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ وہ محکمہ امورِ نوجوان وکھیل کود اور سکاؤٹ کشمیر کے اِشتراک سے منعقدہ یوٹی سطح کی تقریب میں 'نشہ مکت یووا فارِ وِکست بھارت سنکلپ ابھیان' کے آغاز پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

................

عبدالرحیم راتھر

کھیلوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے کہا کہ صحت مند، باوقار اور ترقی پسند معاشرے کی تعمیر کیلئے کھیلوں کو موثر ذریعہ بنایا جا رہا ہے۔

انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ کھیلوں میں زیادہ سے زیادہ اپنی شرکت کو یقینی بنائیں اور نشہ سے دور رہیں۔ وہ تجن بڈگام میں مقامی نوجانوں کی جانب سے منعقدہ ایک کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے تھے۔

................

اسکیم

حکومت نے پلوامہ قصبے کے لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے اور علاقے میں سپلائی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی غرض سے 18 کروڑ 96 لاکھ روپے کی واٹر سپلائی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت لوگوں کے معیارِ حیات کو بہتر بنانے کیلئے وعدہ بند ہے۔

اِدھر جموں وکشمیر سرکار نے 19 کروڑ 61 لاکھ روپے کے ایک جامع سیوریج منصوبے کو بھی منظوری دی ہے۔

اس منصوبے کے تحت احمد نگر، پاندچھ، الٰہی باغ، 90 فٹ رنگپورزکورہ اور گلاب باغ میں جدید سیوریج نظام قائم کیا جائے گا۔

................

ایل جی ملاقات

بی جے پی لیڈر اور International Affairs & United Nations Delegate سحر خان نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ اس دوران انہوں نے ماہ ستمبر میں منعقد ہونے والے بین الاقوامی فورم (Powering the Future) کے لیے ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن کی جانب سے موصول ہونے والا دعوت نامہ ایل جی کو پیش کیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے مختلف فورمز پر ہندوستان کی

نمائندگی کرنے سے متعلق اپنی گزشتہ مصروفیات کے بارے میں بھی لیفٹینینٹ گورنر کو آگاہ کیا۔
اس دوران Shaliza وزیر FICCI FLO کی رکن نے بھی لیفٹینینٹ گورنر سے ملاقات کی۔
اِدھر گورودوارہ پربندھک کمیٹی اننت ناگ کے صدر ایس نانک سنگھ کی قیادت میں ایک وفد نے ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

................

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے ایک ہزار 56 یاتریوں پر مشتمل 26واں قافلہ وادی کی جانب روانہ کیا گیا۔
آج صبح 8 بجے تک 396 یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

................

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کولگام کے کاکرن علاقے میں ماتا کاتنیانی بھگوتی استھاپن کی تاریخی دھرم شالہ کی بحالی اور مرمت کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا۔جس پر 2 کروڑ 84 لاکھ روپے لاگت آنے کا اندازہ ہے۔اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے تاریخی ورثے کے مقامات کے تحفظ اور عوامی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

................

مضمون نویسی

بھارت کی 80ویں یومِ آزادی کے موقعے پر محکمہ اطلاعات ونشریات مختلف مقابلوں میں شرکت کرنے کیلئے جموں وکشمیر کے 13 سال اور اس سے زائد عمر کے نوجوانوں کو مدعو کر رہا ہے۔
یہ مقابلے پہلی اگست سے 10 اگست تک منعقد ہو رہے ہیں۔ان مقابلوں میں نیشنل انتھم سنگنگ، Essay Writing اور ڈرائنگ کمپٹیشن شامل ہیں۔
امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں کو پہلی ،دوسری اور تیسری پوزیشن کیلئے بالترتیب 10 ہزار، ساڑھے 7 ہزار اور 5 ہزار روپے نقد انعام کے طور دیا جائے گا۔

................

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام ’’شہر شہر منظر‘‘ کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک ہو رہی ہے۔
خواہشمند افراد اپنے مسائل ریکارڈ کروانے کیلئے فون نمبر **0194-2452019** پر کال کر سکتے ہیں۔

................

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** اعشاریہ **8** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **26** اعشاریہ **6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

................

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
خدا حافظ